**24.11.2024**

**21.15 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ضمیر رَضوی

Music

.......................................................................

1۔ JMM کی قیادت والے آئی این ڈی آئی اے بلاک کے سربراہ ہیمنت سورین نے، جھارکھنڈ میں سرکار بنانے کا دعویٰ پیش کیا ہے۔ وہ وزیر اعلیٰ کے طور پر 28 نومبر کو حلف لیں گے۔

2۔ مہاراشٹر میں سیاسی سرگرمیاں تیز ہوگئی ہیں، جیسا کہ BJP کی قیادت والے مہایوتی اتحاد نے، ریاست میں سرکار تشکیل دینے کی تیاریاں شروع کردی ہیں۔

3۔ حکومت نے کہا ہے کہ وہ کل سے شروع ہونے والے، پارلیمنٹ کے موسم سرما کے اجلاس میں کسی بھی معاملے پر بحث مباحثے کیلئے تیار ہے۔ لوک سبھا اسپیکر اوم برلا نے سبھی ارکان پارلیمنٹ سے اپیل کی کہ وہ اجلاس کے دوران پارلیمنٹ میں اعلیٰ ترین آداب اور سلیقہ قائم کریں۔

4۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ حکومت، بھارت کے مشرقی خطے کو ترجیح دے رہی ہے۔ انھوں نے نئی دلّی میں اڈیشہ Parba تقریب میں شرکت کی۔

5۔ اور کرکٹ میں، پرتھ ٹیسٹ کے تیسرے دن، وراٹ کوہلی اور یشسوی جیسوال کی سنچریوں کے سبب بھارت، میزبان آسٹریلیا کے ساتھ کھیلتے ہوئے مضبوط پوزیشن میں آ گیا ہے۔

.......................................................................

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

***Rev Jharkhand Govt Formation***

جھارکھنڈ مکتی مورچہ، JMM کے رہنما ہیمنت سورین نے آج رانچی کے راج بھون میں گورنر سنتوش کمار گنگوار سے ملاقات کی اور حکومت سازی کا دعویٰ پیش کیا۔ حکومت سازی کا دعویٰ پیش کرنے سے پہلے جناب ہیمنت سورین نے گورنر کو اپنا استعفیٰ پیش کیا۔ ملاقات کے بعد جناب سورین نے صحافیوں کو بتایا کہ نئی حکومت کی حلف برداری کی تقریب 28 نومبر کو ہوگی۔

S/B: Final Hemant Soren

اس سے پہلے جھارکھنڈ مکتی مورچہ کے کارگزار صدر ہیمنت سورین کو رانچی میں ایک میٹنگ کے دوران این ڈی آئی اے- اتحاد کے نو منتخبہ اراکینِ اسمبلی نے اپنا لیڈر چنا۔ آئی این ڈی آئی اے- اتحاد میں JMM، کانگریس،

راشٹریہ جنتا دل اور کمیونسٹ پارٹی آف انڈیا (مارکسسٹ- لینِنسٹ) شامل ہیں۔ 81 رکنی جھارکھنڈ اسمبلی میں آئی این ڈی آئی اے- اتحاد کو 56 سیٹوں پر کامیابی حاصل ہوئی ہے۔دوسری جانب BJP کی قیادت والا NDA اتحاد 24 سیٹیں ہی جیت سکا۔ x

## Rev. MHAH GOVT Formation

مہاراشٹر میں زبردست سیاسی سرگرمیاں جاری ہیں کیونکہ BJP کی قیادت والے مہایوتی اتحاد کے، ریاست میں نئی حکومت تشکیل دینے میں، اب محض 48 گھنٹے باقی رہ گئے ہیں۔ ایکناتھ شندے کی قیادت والی موجودہ سرکار کی مدت منگل کو ختم ہوجائے گی۔ BJP، شیوسینا اور NCP پر مشتمل اتحاد نے اسمبلی انتخابات میں زبردست اکثریت حاصل کی تھی۔شیوسینا کے رہنما ایکناتھ شندے اور NCP رہنما اجیت پوار نے اپنی اپنی پارٹیوں کے، نئے منتخبہ ارکانِ اسمبلی کے ساتھ الگ الگ میٹنگز کی ہیں۔BJP رہنما چندر شیکھر باون کلے نے ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ مہاراشٹر اسمبلی میں کوئی اپوزیشن لیڈر نہیں ہوگا۔ پچھلی چھ دہائیوں میں ایسا پہلی بار ہے کہ مہاراشٹر اسمبلی میں کوئی اپوزیشن رہنما نہیں ہوگا۔288 رکنی قانون ساز اسمبلی میں مہایوتی اتحاد نے 235 سیٹیں جیتی ہیں جبکہ اپوزیشن مہاوکاس اگھاڑی کو محض 49 سیٹیں حاصل ہوئی ہیں۔x

## ALL Party Meeting

پارلیمنٹ کا موسم سرما کا اجلاس کل سے شروع ہوگا۔ یہ اجلاس 20 دسمبر تک جاری رہے گا۔ البتہ منگل کو یومِ آئین کی تقریب کے سبب، پارلیمنٹ کی نشست نہیں ہوگی۔حکومت نے اجلاس سے پہلے آج نئی دلّی میں ایک کُل جماعتی میٹنگ بلائی تھی۔ میٹنگ کی صدارت وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے کی۔ پارلیمانی امور کے وزیر کرن رججو نے میٹنگ کے بعد نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے کہا کہ حکومت، موسم سرما کے اجلاس کے دوران کسی بھی معاملے پر بحث کیلئے تیار ہے۔ انھوں نے اپوزیشن پارٹیوں سے زور دے کر کہا کہ وہ اجلاس کے دوران، لوک سبھا اور راجیہ سبھا کی کارروائی خوش اسلوبی سے جاری رہنے کو یقینی بنائیں۔

S/B Kiran Rijiju

کانگریس ممبر پارلیمنٹ پرمود تیواری نے کہا کہ پارٹی ایک صنعتکار کے رشوت کے مبینہ معاملے، منی پور کی صورتحال اور شمالی بھارت میں بے روزگاری اور آلودگی کے معاملات پر بحث مباحثہ چاہتی ہے۔

S/B Pramod Tiwari

## LS Speaker Interview

پارلیمنٹ کے موسم سرما کے اجلاس سے پہلے، لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلانے آکاشوانی نیوز کو ایک انٹرویو دیتے ہوئے، ارکان پرزوردیاہے کہ وہ آئین ساز اسمبلی کے بحث مباحثے سے تحریک حاصل کرتے ہوئے، ایوان میں پارلیمنٹ کے آداب اور سلیقے کو برقرار رکھیں۔ انھوں نے ارکان سے اپیل کی کہ وہ پارلیمنٹ میں، اعلیٰ ترین آداب قائم کریں۔

S/B OM Birla on Parl Decorum

ریزرویشن کے معاملے پر ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے جناب برلا نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی کا نظریہ، ہمیشہ یہ رہا ہے کہ ریزرویشن، سماج کے محروم اور غریب طبقے کیلئے درکار ہے۔

S/B OM Birla Reservation

یہ انٹرویو آکاشوانی نیوز کے 'سرخیوں میں' پروگرام کے تحت کل شام 7 بجکر 10 منٹ سے، سو اعشاریہ ایک، ایف ایم گولڈ پر سنا جاسکتا ہے۔x

***PM Mann ki Baat***

وزیر اعظم نریندر مودی نے، معمر افراد کی، ڈیجیٹل گھوٹالوں سے حفاظت کرنے اور ڈیجیٹل دنیا کی جانکاری حاصل کرنے میں، اُن کی مدد کرنے کیلئے، نوجوانوں کے رول پر زور دیا ہے۔ آج آکاشوانی پر اپنے، من کی بات کے 116ویں نشریے میں، ملک سے خطاب کرتے ہوئے، وزیر اعظم نے ایک بار پھر کہا کہ اِس قانون کے تحت، ڈیجیٹل Arrest کا کوئی طریقہ موجود نہیں ہے۔ اِس بات پر زور دیتے ہوئے کہ معمر افراد کو، سائبر جرائم کا سب سے زیادہ خطرہ درپیش ہے، جناب مودی نے کہا کہ یہ ہر ایک کی ذمے داری ہے کہ وہ ڈیجیٹل ٹیکنالوجی اور اِس کے خطرات کو سمجھنے میں، اُن کی رہنمائی کرے۔وزیر اعظم نے ایک نوجوان جوڑے کا ذکر کیا جو اِس سلسلے میں سماج کیلئے بے لوث کام کر رہا ہے اور اِس ضمن میں دوسرے لوگوں کو بھی تحریک دے رہا ہے۔

S/B PM Digital Arrest

جناب مودی نے کہا کہ پنشن بلارُکاوٹ حاصل کرنے کے، ڈیجیٹل لائف سرٹیفکیٹ سے، لوگوں کو سہولت فراہم ہوئی ہے۔ انھوں نے کہا کہ 2014 تک معمر افراد کو لائف سرٹیفکیٹ داخل کرنے کیلئے بینک جانا پڑتا تھا۔

وزیر اعظم نے، اُن نوجوانوں سے، جن کا تعلق سیاست سے نہیں ہے، زور دے کر کہا کہ وہ سیاست میں شامل ہوں۔جناب مودی نے اعلان کیا کہ اگلے سال جنوری میں، سوامی وویکانند کے 162ویں یومِ پیدائش پر، دلّی میں ایک خصوصی تقریب ''وکست بھارت کے نوجوان رہنماؤں سے مذاکرات'' کے طور پر منعقد کی جائے گی۔ ملک میں سوامی وویکانند کا یومِ پیدائش منانے کیلئے ہر سال 12 جنوری کو نوجوانوں کا دِن منایا جاتا ہے۔

آج NCC کے دن کے موقع پر جناب مودی نے اطمینان ظاہر کیا کہ NCC میں، خاتون کیڈٹس کا اندراج تقریباً 40 فیصد ہوگیا ہے جو پہلے 25 فیصد تھا۔ جناب مودی نے کہا کہ نیشنل کیڈٹس کورز، نوجوانوں میں ڈسپلن، قیادت اور خدمت کا جذبہ جگاتی ہیں۔وزیر اعظم نے کہا کہ ملک میں، NCC کو مستحکم بنانے کیلئے لگاتار کوششیں کی جارہی ہیں۔ 2014 میں 14 لاکھ نوجوان، NCC سے وابستہ تھے۔

S/B PM NCC

وزیر اعظم مودی نے بیرونی ملکوں کے اپنے حالیہ دورے کے بارے میں کہا کہ وہاں آباد بھارتی برادری، بھارتی ثقافت کو تحفظ اور فروغ دینے میں مدد کر رہی ہے۔انھوں نے عوام کا حوصلہ بڑھاتے ہوئے کہا کہ وہ بیرونِ ملک آباد بھارتی برادری کے افراد کی، تحریک دینے والی داستانوں سے واقف کرائیں۔ وزیر اعظم مودی نے کہا کہ

'ایک پیڑ ماں کے نام' مہم کے تحت، محض پانچ مہینے میں 100 کروڑ سے زیادہ پیڑ لگائے جانے کا ایک سنگ میل طے کیا گیا ہے۔وزیر اعظم نے خوشی کا اظہار کیا کہ اِس تحریک میں پورے ملک کے عوام نے حصہ لیا ہے۔

S/B PM Ek Ped Maa Ke Naam

اپنے پسندیدہ موضوع صفائی ستھرائی کی بات کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ خصوصی سوچھتا ابھیان کے، سرکاری محکموں میں حیرت انگیز نتائج برآمد ہوئے ہیں اور دفتروں میں بڑے پیمانے پر جگہ خالی ہوئی ہے۔x

## PM Odisha Parba

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ حکومت، ملک کے مشرقی خطے کی ترقی کو ترجیح دے رہی ہے۔ جناب مودی نے کہا کہ وہ بھارت کے مشرقی حصے کو، ترقی کا انجن سمجھتے ہیں۔ وزیراعظم، نئی دلّی میں اڈیشہ Parba تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ اڈیشہ کی ترقی کیلئے، پچھلے سال کے مقابلے، اِس سال مزید تین فیصد بجٹ مختص کیا گیا ہے۔

S/B PM Growth Engine

وزیر اعظم نے کہا کہ اڈیشہ، بھارت کی ترقی میں ایک بنیادی کردار ادا کرتا ہے اور وہ ثقافتی وراثت سے مالامال ہے جسے ملک اور دنیا بھر میں سراہا جاتا ہے۔ انھوں نے کہا کہ اڈیشہ میں نئی سرکار کی تشکیل کے، شروع کے 100 دن کے دوران، 45 ہزار کروڑ روپئے کی سرمایہ کاری کو منظوری دی گئی ہے۔جناب مودی نے کہا کہ دروپدی مرمو، اڈیشہ کی قبائلی برادری کی ایک بیٹی ہیں اور وہ بھارت کی صدر کے طور پر خدمات انجام دے رہی ہیں۔ وہ ہم سب کیلئے فخر کا ذریعہ ہیں۔

اِس موقع پر مرکزی وزیرتعلیم دھرمیندر پردھان نے کہا کہ وزیر اعظم مودی، بھگوان جگن ناتھ کے، بڑے پرستار ہیں اور اڈیشہ کے عوام کے تئیں اُن کا خصوصی لگاؤ ہے۔

اطلاعات ونشریات کے وزیر اشونی ویشنو نے کہا کہ ملک کے مشرقی حصے کی ترقی، ملک کی ترقی کیلئے لازمی ہے۔ انھوں نے بتایا کہ ریاست میں ریلوے کے فروغ کیلئے اڈیشہ کو دس ہزار کروڑ روپئے سے زیادہ فراہم کئے گئے ہیں۔تین روزہ اڈیشہ Parba-2024 جمعہ کو شروع ہوا تھا اور یہ آج اپنے اختتام کو پہنچا۔ اڈیشہ Parba، ایک ٹرسٹ 'اُڑیہ سماج' کی طرف سے منعقد کی جانے والی ایک تقریب ہے، جو اڑیہ وراثت کے تحفظ اور فروغ کے تئیں قابل قدر طور پر فراہم کرنے میں سرگرم ہے۔x

## PM Cooperative Conference

وزیر اعظم نریندر مودی کل نئی دلّی کے بھارت منڈپم میں امداد باہمی کے بین الاقوامی اتحاد، ICA کی عالمی امداد باہمی کانفرنس کا افتتاح کریں گے۔ امداد باہمی کے بین الاقوامی اتحاد کی 130 سالہ تاریخ میں یہ پہلا موقع ہے جب ICA کی عالمی امداد باہمی کانفرنس اور جنرل اسمبلی بھارت میں منعقد کی جا رہی ہے۔ اس موقع پر وزیر اعظم مودی، امداد باہمی کے بین الاقوامی سال 2025 کیلئے ٹکٹ بھی جاری کریں گے۔ بھوٹان کے وزیر اعظم داشو شیرنگ

ٹونگے اور فجی کے نائب وزیر اعظم Manoa Kamikamica بھی اِس کانفرنس میں شرکت کریں گے۔ ہمارے نمائندے خبر دی ہے کہ اِس عالمی کانفرنس کی میزبانی، بھارت سرکار، ICA اور بھارتی امداد باہمی تنظیمیں جیسے امول اور KRIBHCO کے اشتراک سے انڈین فارمرس فرٹیلائیزرس کوآپریٹو لمٹیڈ کر رہی ہے۔

## UP Sambhal Violence

اترپردیش کے سنبھل ضلعے کی جامع مسجد میں عدالتی حکم پر کئے جا رہے سروے کے بعد پُرتشدد جھڑپوں میں کم سے کم تین افراد ہلاک ہوگئے۔ مرادآباد ڈویژن کے کمشنر Anjaneya کمار سنگھ نے بتایا کہ جب ٹیم سروے کا کام ختم کرکے واپس آرہی تھی تبھی ہجوم میں سے کچھ افراد نے جائے وقوع پر تعینات پولیس اہلکاروں پر پتھراؤ شروع کر دیا اور گاڑیوں میں آگ لگا دی۔ پولیس نے بتایا کہ اس سلسلے میں خواتین سمیت کئی لوگوں کو حراست میں لیا گیا ہے۔ پڑوس کے ضلعوں سے پولیس فورس کو طلب کیا گیا ہے اور صورتحال قابو میں ہے۔ x

## IFFI

گوا میں جاری بھارت کے 55 ویں بین الاقوامی فلم فیسٹول، IFFI کے دوران ہندی فلم اداکار رنبیر کپور نے آزمودہ کار اداکار اور فلم ساز راج کپور کی صد سالہ تقریبات کے موقع پر انہیں خراج عقیدت پیش کیا۔ اس دوران منعقدہ ایک اجلاس کے دوران رنبیر کپور نے کہا کہ طاقتور کہانیوں پر مبنی راج کپور کی فلمیں محض تفریح سے آگے بڑھ کر شائقین سے تعلق جوڑتی تھیں اور اُن پر دیرپا نقش چھوڑ جایا کرتی تھیں۔

اس موقع پر آج راج کپور کی مشہور فلم 'آوارہ' کی اسکریننگ کی گئی۔ رنبیر کپور نے اعلان کیا کہ دسمبر میں خصوصی ملک گیر فلم فیسٹول منعقد کیا جائے گا، جس میں راج کپور کی پیدائش کے سو سال مکمل ہونے کے موقع پر اُن کی نایاب فلموں کی نمائش کی جائے گی۔آج IFFI میں مختلف سرگرمیوں کا انعقاد کیا گیا، جن میں فلم اسکریننگ اور دیگر تقریبات منعقد کی گئیں، جن میں شائقین کی بڑی تعداد نے حصہ لیا۔ x

## Cricket

کرکٹ میں بھارت نے آج پرتھ میں بارڈر گواسکر ٹرافی کے پہلے ٹیسٹ کے تیسرے دن میزبان آسٹریلیا کے خلاف 534 رن کا ہدف رکھا۔ بھارتی ٹیم نے آج دن کا کھیل ختم ہونے تک 12 رن پر آسٹریلیا کے تین کھلاڑیوں کو جلدی آؤٹ کر دیا۔اس سے قبل وارٹ کوہلی اور یشسوی جیسوال کی سنچریوں کی بدولت بھارت نے 6 وکٹ کے نقصان پر 487 رن بنائے۔ اس طرح دوسرے دن پہلی اننگز کے 46 رن کی سبقت کے بعد آسٹریلیا کو 534 رن کا نشانہ دیا ہے۔ x

☆☆☆☆☆☆☆☆